# PUNJAB EXAMINATION COMMISSION
## EXAMINATION 2016, GRADE - 8
## URDU PART - A (Objective Type)

**MODEL PAPER:2**

**Part A:48 marks, Part B:52 Marks, Total Marks:100**

صرف ممتحن کے استعمال کے لیے

| | |
|---|---|
| **Total Marks MCQs** | |
| **Signature of Examiner** | |
| **Signature of Head Examiner** | |

**For official use only**

| | |
|---|---|
| **Student Name (in Capitals)** | |

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **Roll Number (In Figures)** | | | - | | | | - | | |

**Superintendent Signature** ______________________________

عمومی ہدایات:

(1) تمام سوالات کے جوابات دینا ضروری ہیں۔طلبہ جواب دینے سے پہلے ہر سوال کو غور سے پڑھ لیں۔

(2) ایک سے زیادہ دائروں والے سوالات کے نمبر نہیں دیے جائیں گے۔

(3) کثیر الانتخابی سوالات کے صحیح جواب پر کالی یا نیلی روشنائی سے نیچے دی گئی مثال کے مطابق دائرہ لگائیں۔

مثال: ڈینگی وائرس پھیلنے کا سبب ہے ایک مخصوص:

(a) مکھی (b) مکڑا (c) مچھر (d) بھڑ

کل وقت:60 منٹ — اردو (حصہ الف) کثیر الانتخابی سوالات — کل نمبر:48

خصوصی ہدایت: اس حصہ میں پچیس کثیر الانتخابی طرز کے سوالات دیے گئے ہیں۔ہر سوال کے نمبر برابر ہیں۔

سوال نمبر1۔ ظلم سہنے والا کہلاتا ہے:

(a) مظلوم (b) معصوم

(c) مغموم (d) محکوم

سوال نمبر2۔ کہاوت ''ٹیڑھی کھیر'' کا درست استعمال ہے:

(a) ٹیڑھی کھیر کھانا مشکل کام ہے۔ (b) ٹیڑھی کھیر نہیں کھانی چاہیے۔

(c) تیراکی سیکھنا اسلم کے لیے ٹیڑھی کھیر بن گیا۔ (d) ٹیڑھی کھیر سفید ہوتی ہے۔

سوال نمبر3۔ ''راستہ دکھانے والا'' کہلاتا ہے:

(b) راہزن (a) راہ گیر

(c) راہ نما (d) راہ گزر

Result.pk

سوال نمبر4۔ ''نعت ترنم سے سنائی گئی''۔اس جملے سے فعل معروف کا جملہ بنے گا:

(a) فاطمہ نے نعت ترنم سے سنائی۔
(b) نعت ترنم سے سنائی گئی ہے۔
(c) نعت ترنم سے سنائی گئی تھی۔
(d) نعت ترنم سے سنائی جائے۔

سوال نمبر5۔ مختلف معانی والے ہم شکل الفاظ کے درست استعمال کی مثال ہے:

(a) پہلے سیر کی پھر سیر ہو کر کھایا۔
(b) سیر کرتے کرتے شام ہو گئی۔
(c) کھانا کھاتے کھاتے دیر ہو گئی۔
(d) دیر دیر کی رٹ نہ لگاؤ۔

سوال نمبر6۔ ''باز''لاحقہ کی مدد سے بننے والے الفاظ کی فہرست ہے:

(a) وقت،ہوا
(b) خلا،فضا
(c) دغا،چال
(d) باغ،صدا

سوال نمبر7۔ لفظ''احسان''سے الفاظ کی ردیف وار ترتیب ہے:

(a) احسان،نادم،مجاہد،دولت
(b) احسان،مجاہد،انعام،دولت
(c) احسان،ایمان،مجاہد،دولت
(d) احسان،مجاہد،دولت،احترام

سوال نمبر8۔ کوئی بن بلائے مہمان بنے تو کہتے ہیں:

(a) مان رے مان میں تیرا مہمان
(b) مان لے مان میں تیرا مہمان
(c) مان نہ مان میں تیرا مہمان
(d) مان ارے مان میں تیرا مہمان

سوال نمبر9۔ لفظ''بد''سابقہ کی مدد سے بننے والے الفاظ کی درست فہرست ہے:

(a) کردار،خیال،تعلیم
(b) اخلاق،حواس،مزاج
(c) شکل،نام،غرض
(d) لحاظ،صورت،شمار

سوال نمبر10۔ روزمرہ کے درست جملے کی مثال ہے:

(a) غریب آدمی آٹے چاول کے بھاؤ میں الجھا ہے۔
(b) غریب آدمی آٹے نمک کے بھاؤ میں الجھا ہے۔
(c) غریب آدمی آٹے دال کے بھاؤ میں الجھا ہے۔
(d) غریب آدمی آٹے گندم کے بھاؤ میں الجھا ہے۔

سوال نمبر11۔ خالی جگہ پُر کرنے کے لیے درست محاورے کی شناخت کریں:

''اوباش بیٹے کی حرکتوں کی وجہ سے باپ کی عزت ـــــ میں مل گئی''۔

(a) پانی
(b) ہوا
(c) خون
(d) خاک

سوال نمبر12۔ روزمرہ کے لحاظ سے درست جملہ کی نشاندہی کریں:

(a) مجھے ملتان جانا ہے۔ (b) مجھ نے ملتان جانا ہے (c) مجھ کو ملتان جانا ہے۔ (d) میرے کو ملتان جانا ہے۔

Result.pk

☆ مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوالات نمبر 16,15,14,13 اور 17 کے جوابات دیں۔

اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو چار موسم عطا کیے ہیں۔ ہم چونکہ ان موسموں کے شروع ہی سے عادی ہیں، اس لیے ہمیں ان کے تنوع (ورائٹی) کی افادیت کا احساس نہیں۔ جبکہ بعض عرب ممالک مثلاً: سعودی عرب، دبئی اور کویت وغیرہ میں جا کر چند ماہ رہیں تو آپ کو اپنے ملک کے موسموں کے متنوع ہونے کی اہمیت معلوم ہوگی۔ دبئی، قطر اور کویت وغیرہ میں سارا سال موسم گرم رہتا ہے۔ ملائشیا اور انڈونیشیا میں بارہ مہینے بارش ہوتی ہے۔ انگلستان میں سارا سال سردی پڑتی ہے۔ جس کی وجہ سے وہاں کے اکثر باشندوں کے جوڑوں میں درد رہنے لگتا ہے۔

سوال نمبر 13۔ اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو موسم دیے ہیں:

(a) دو (b) چار (c) چھ (d) آٹھ

سوال نمبر 14۔ بعض عرب ممالک میں سال بھر۔۔۔۔موسم رہتا ہے:

(a) ٹھنڈا (b) گرم (c) خشک (d) تر

سوال نمبر 15۔ ملائیشیا اور انڈونیشیا میں سارا سال۔۔۔۔ہوتی ہے۔

(a) گرمی (b) سردی (c) بارش (d) خشکی

سوال نمبر 16۔ انگلستان کے اکثر لوگوں کو درد رہتا ہے:

(a) سر کا (b) کمر کا (c) آنکھوں کا (d) جوڑوں کا

سوال نمبر 17۔ کن ممالک کے موسم ایک جیسے ہیں؟

(a) پاکستان اور ملائیشیا (b) قطر اور پاکستان

(c) دبئی اور انڈونیشیا (d) کویت اور قطر

☆ مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوالات نمبر 21,20,19,18 اور 22 کے جوابات دیں۔

تفریح ہمارے لیے بہت ضروری ہے۔ اس سے تھکاوٹ دور ہوتی ہے اور بدن میں چُستی آتی ہے۔ تفریح سے مراد سیر وغیرہ ہی نہیں بلکہ ورزش اور کھیل کود بھی ہے۔ اس سے انسان تازہ دم ہو جاتا ہے۔ اگر انسان کی صحت ٹھیک نہ ہو تو پھر وہ اللہ تعالیٰ کی کسی نعمت سے لطف اندوز نہیں ہو سکتا۔ صحت نہ ہو تو نہ سیر و تفریح ہو سکتی ہے اور نہ ہی کھیل۔ البتہ ہم حتمی طور پر نہیں کہہ سکتے کہ کون سے کام تفریح والے ہیں۔ ہو سکتا ہے جمیل ایک کام میں فرحت محسوس کرے لیکن وہی کام نسیم کے لیے پریشان کن ہو۔

سوال نمبر 18۔ تھکاوٹ دور کرتی اور بدن میں چُستی لاتی ہے:

(a) تفریح (b) خوراک (c) خاموشی (d) گفتگو

سوال نمبر 19۔ تفریح نہ صرف سیر اور ورزش سے بلکہ۔۔۔۔سے بھی حاصل ہوتی ہے:

(a) نیند (b) کھیل کود (c) کاروبار (d) مصروفیت

سوال نمبر 20۔ بیمار آدمی کسی نعمت سے۔۔۔۔نہیں ہو سکتا۔

(a) دور (b) مجبور (c) بیزار (d) لطف اندوز

سوال نمبر 21۔ ”حتمی طور پر“ کا مفہوم ہے:

(a) کلی طور پر (b) جزوی طور پر (c) عارضی طور پر (d) منفی طور پر

سوال نمبر 22۔ اس عبارت کا موزوں عنوان ہے:

(a) صحت اور تھکاوٹ (b) ورزش کے فائدے (c) تفریح کی اہمیت (d) تفریح کے نقصانات

Result.pk

☆ مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوالات نمبر 26,25,24,23 اور 27 کے جوابات دیں۔

کھیلوں کو انسانی زندگی میں بہت اہمیت حاصل ہے۔ کھیل سے جسمانی صحت بہتر ہوتی ہے۔ یہ بات دیکھنے میں آئی ہے کہ کھلاڑی عام لوگوں کی نسبت جسمانی اعتبار سے زیادہ مضبوط اور توانا ہوتے ہیں۔ جسمانی صحت کے ساتھ ساتھ کھیل اخلاقی تربیت کا بھی ایک مئوثر ذریعہ ہیں۔ کھلاڑی کو کھیل کے اصول وقواعد کی پابندی کرنا سکھائی جاتی ہے۔ ایک کھلاڑی کھیلتا تو میچ جیتنے کے لیے ہے، مگر جب وہ ہار جاتا ہے تو اپنی ناکامی کو خوش دلی سے قبول کرتا ہے اور اپنی کمزوریوں پر قابو پا کر اگلے مقابلے کے لیے تیار ہو جاتا ہے۔ یوں کھیل کی وجہ سے ایک کھلاڑی میں فراخ دلی، بلند حوصلگی اور جُہدِ مسلسل کی صلاحیتیں پیدا ہوتی ہیں۔

سوال نمبر 23۔ عبارت کے مطابق انسان کی تندرستی میں اضافہ ہوتا ہے:

(a) زیادہ کھانے سے (b) زیادہ آرام سے (c) ہر وقت محنت سے (d) کھیل کھیلنے سے

سوال نمبر 24۔ عبارت کے مطابق کھیل سے کھلاڑی میں خوبی پیدا ہوتی ہے:

(a) مسلسل جدوجہد کی (b) دولت کمانے کی (c) ہر وقت جیتنے کی (d) ہار نہ ماننے کی

سوال نمبر 25۔ لفظ ''فراخ دلی'' کا مطلب ہے:

(a) دکھی دل سے (b) مسرور دل سے (c) کھلے دل سے (d) بجھے دل سے

سوال نمبر 26۔ اس عبارت کے مطابق انسان کی زندگی کے لیے اہم ہے:

(a) قناعت (b) صحت (c) ترقی (d) جیت

سوال نمبر 27۔ اس عبارت کے مطابق کھلاڑی دوسرے لوگوں سے زیادہ ہوتا ہے:

(a) ذہین (b) امیر (c) درازقد (d) مضبوط

☆ مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوالات نمبر 28، 29، 30، 31 اور 32 کے جوابات دیں۔

تنگ نظری کی جتنی بھی صورتیں ہیں، چاہے ذات برادری ہو، زبانوں کا فرق ہو، فرقہ اور علاقوں کا جھگڑا ہو، سب انسان سے انسان کو دور کرتے ہیں۔ یہ سب حسد، بغض اور لالچ کی وجہ سے ہے۔ لیکن تنگ نظری کی اس آگ کو بجھانے کے لیے رواداری کا ایک قطرہ ہی کافی ہے۔ اگر انسانوں میں پیار، محبت، بھائی چارہ اور عدل وانصاف جیسے اوصاف پیدا ہو جائیں تو تنگ نظری ختم ہو جائے گی اور یہ دنیا امن کا گہوارہ بن جائے گی۔

سوال نمبر 28۔ تنگ نظری کی صورت ہے:

(a) گہری دوستی (b) زیادہ ترقی (c) ذات برادری (d) رشتے داری

سوال نمبر 29۔ تنگ نظری دور کرتی ہے انسان کو:

(a) بری سوچ سے (b) انسان سے (c) فریب سے (d) جھوٹ سے

سوال نمبر 30۔ عبارت میں تنگ نظری کا متضاد لفظ ہے:

(a) رواداری (b) دوستی (c) سنگ دلی (d) نظریاتی

سوال نمبر 31۔ پیار، محبت، بھائی چارہ اور عدل وانصاف انسان کے ہیں:

(a) ہتھیار (b) خیالات (c) اوصاف (d) آداب

سوال نمبر 32۔ اس عبارت کا مناسب عنوان ہے:

(a) ذات برادری (b) علاقوں کا جھگڑا (c) عدل وانصاف (d) تنگ نظری اور رواداری

Result.pk